نعت

سیدہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا

مَـا ذَا عَـلٰـی مَـنْ شَـمَّ تُـرْبَۃَ اَحْـمَـدَ
اَلَّا یَشُـمَّ مَـدَی الـزَّمَـانِ غَـوَالِیَـا

جس نے ایک مرتبہ بھی خاک پاے احمد مجتبیٰ سونگھ لی
تعجب کیا ہے اگر وہ ساری عمر کوئی اور خوشبو نہ سونگھے

صُبَّـتْ عَـلَـیَّ مَـصَـائِـبُ لَـوْ اَنَّھَـا
صُبَّـتْ عَـلَـی الْاَ یَّـامِ عُـدْنَ لَیَـا لِیَـا

(حضور کی جدائی میں) وہ مصیبتیں مجھ پر ٹوٹی ہیں
یہ مصیبتیں ”دنوں“ پر ٹوٹتیں تو دن ”راتوں“ میں تبدیل ہوجاتے

اِغْبَـرَّا فَـاقُ السَّـمَـآءِ وَکُـوِّرَتْ
شَـمْـسُ الـنَّھَـارِ وَاَظْـلَـمَ الْاَ زْمَـان

آسمان کی پہنائیاں غبار آلود ہوگئیں اور لپیٹ دیا گیا
دن کا سورج اور تاریک ہوگیا سارا زمانہ

وَا لْاَرْضُ مِـنْ بَـعْـدِ الـنَّبِـیِّ کَـئِیْبَۃٌ
اَسَـفًـا عَـلَـیْـہِ کَثِیْـرَۃ الْاَحْـزَانٖ

اور زمین نبی کریم کے بعد مبتلائے درد ہے
ان کے غم میں ڈوبی ہوئی سَراپا

فَـلْیُبْـکِـہٖ شَـرْقُ الْبِلَادِ وَغَـرْبُھَـا
یَـا فَـخْـرَ مَـنْ طَـلَـعَـتْ لَـہٗ النِّیِّـرَان

اب آنسو بہائے مشرق بھی اور مغرب بھی ان کی جدائی پر
فخر تو صرف ان کے لیے ہے جن پر روشنیاں چمکیں

یَـا خَـا تَـم الـرُّسُـلِ الْـمُبَـارَکِ صِنْـوَۃً
صَـلّٰـی عَـلَیْـکَ مُـنَـزِّلُ الْـقُـرْاٰنٖ

اے آخری رسول ﷺ آپ برکت وسعادت کی جوئے فیض ہیں
آپؐ پر تو قرآن نازل کرنے والے نے بھی درود و سلام بھیجا ہے

(مطبوعہ: کشف العرفان، حمد و نعت، المولف: ڈاکٹر نور محمد ربانی، ص: ۳۷)

not found.